سبق 26

سیدھے راستے کی ہدایت

دنیامیں زندگی گزارنے کے بہت سارے طریقے ہیں جن پر لوگ چلتے ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا چاہیے کہ اے اللہ! آپ ہمیں اس راستے پر چلایئے جو سیدھا ہے۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿6﴾

ہدایت دے ہمیں	راستے کی	سیدھے

- اِهْدِ: ہدایت دے۔ "نَا" یعنی ہمیں۔ "اِهْدِنَا": ہدایت دے ہمیں۔ یعنی اے اللہ! ہمیں ایسا راستہ دکھایئے جس میں ہدایت ہو۔
- اگرچہ ہم مسلمان ہیں لیکن پھر بھی ہمیں اللہ سے دعا مانگتے رہنا چاہیے کہ وہ ہمیں سیدھا راستہ دکھائے۔ قرآن کی اس آیت میں مرکزی دعا سکھائی گئی ہے۔
- ہماری زندگی کے لیے یہ بہت ضروری ہے کہ ہم اللہ سے ہدایت مانگیں کہ اے اللہ! آپ ہمیں بہترین مسلمان بنادیجیے۔
- الصِّرَاطَ: یعنی راستہ۔ ایسا راستہ جس پر ہمیں چلنا ہے۔ الْمُسْتَقِيْمَ: یعنی سیدھا اور سچا۔
- سیدھا راستہ وہ ہے جو قرآن میں اللہ نے بتایا ہے اور جس کی تفصیل حضرت محمد ﷺ کی سنت اور حدیث میں ملتی ہے۔
- وہ لوگ جو اللہ سے ہدایت مانگتے ہیں اور ہدایت پر عمل کرتے ہیں، اللہ ان کو خوش حال زندگی عطا کرے گا۔
- جو لوگ اللہ کی ہدایت پر عمل نہیں کرتے ہیں وہ قیامت کے دن غمگین اور پریشان حال رہیں گے۔

الفاظ اور معانی کی جوڑیاں بنایئے

الفاظ		معانی
الصِّرَاطَ		سیدھے
الْمُسْتَقِيْمَ		ہدایت دے ہمیں
اِهْدِنَا		راستے کی